# یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

## اسامیاں خالی ہیں

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (UHS) لاہور ایک سرکاری ادارہ ہے جو موزوں، سازگار پیشہ ورانہ ماحول اور ذاتی و پیشہ ورانہ ترقی کے بہترین مواقع مہیا کرتا ہے۔ یونیورسٹی مساوی مواقع فراہم کرنے والا ادارہ ہے۔ یونیورسٹی کو پنجاب ڈومیسائل کے حامل اہل امیدواروں سے درج ذیل اسامیوں پر کنٹریکٹ بنیادوں پر درخواستیں مطلوب ہیں:

| نمبر شمار | تفصیل اسامی | سکیل | اسامیوں کی تعداد | مطلوبہ اہلیت و تجربہ |
|---|---|---|---|---|
| -1 | سیکیورٹی گارڈ | BPS-06 | 03 | سابق فوجی اہلکار، جنہوں نے کم از کم 15 سال فیلڈ/کلر سروس فائیٹنگ یا سپورٹنگ آرمز میں انجام دی ہو۔ |
| -2 | الیکٹریشن | BPS-04 | 01 | میٹرک بمعہ کسی مستند ادارے سے ڈپلومہ اور متعلقہ شعبہ میں کم از کم 3 سال کا تجربہ۔ |
| -3 | مالی | BPS-01 | 02 | مڈل پاس اور متعلقہ شعبہ میں کم از کم 3 سال کا تجربہ۔ |

**درخواست دینے کا طریقہ کار:**

-1 امیدواران یونیورسٹی کے جاب پورٹل (http://portals.uhs.edu.pk/jobs) کے ذریعے آن لائن درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔ آن لائن فارم پُر کرنے کے بعد اس کا دستخط شدہ پرنٹ آؤٹ دفتر ڈپٹی رجسٹرار (ایچ آر)، کمرہ نمبر 12، یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، خیابانِ جامعہ پنجاب، لاہور میں جمع کروانا لازم ہوگا۔ آن لائن فارم احتیاط سے پُر کیا جائے کیونکہ جمع کرانے کے بعد ترمیم کی اجازت نہیں ہوگی۔

-2 امیدواران سسٹم سے جاری کردہ فیس چالان پرنٹ کرکے اس پر درج پراسیسنگ فیس 1-Link کے ذریعے یا بینک آف پنجاب کی کسی بھی برانچ میں جمع کروائیں گے۔

-3 امیدواران درج ذیل دستاویزات کی مصدقہ نقول جمع کروانا لازم ہوں گی:
قومی شناختی کارڈ، ڈومیسائل، تعلیمی اسناد/سرٹیفکیٹس، تجربہ سرٹیفکیٹس، دیگر متعلقہ دستاویزات اور جمع شدہ فیس چالان۔

درخواست فیس کی شرح حسبِ ذیل ہے:

(الف) BPS-06 = 500 روپے

(ب) BPS-01 تا BPS-04 = 100 روپے

-4 بغیر فیس چالان رسید کے جمع کرائی گئی درخواست ناقابلِ قبول ہوگی۔ جمع شدہ فیس ناقابلِ واپسی اور ناقابلِ منتقلی ہوگی۔

-5 آن لائن درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 19 فروری 2026ء (دفتری اوقات میں) ہے۔ مکمل پرنٹ شدہ درخواست بمعہ تمام دستاویزات بذریعہ ذاتی طور پر یا بذریعہ کوریئر مقررہ تاریخ تک جمع کروانا لازم ہے۔ نامکمل یا تاخیر سے موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔

**اہم ہدایات:**

1- صرف پنجاب ڈومیسائل کے حامل امیدوار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔

2- تقرریاں یو ایچ ایس سروس اسٹیچیوٹس 2005 کے مطابق کنٹریکٹ بنیادوں پر کی جائیں گی۔

3- معتبر سرکاری طبی یونیورسٹی/ ادارے میں تجربہ رکھنے والے امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی۔

4- جہاں تجربہ درکار ہو، وہاں خودمختار، نیم خودمختار اداروں یا معروف نجی اداروں میں حاصل کردہ مساوی تجربہ قابلِ قبول ہوگا۔

5- درخواست گزار کی عمر درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ کو 55 سال سے زیادہ نہ ہو۔

6- عمر کی بالائی حد میں رعایت حکومت پنجاب کے قواعد وضوابط کے مطابق دی جاسکتی ہے۔

7- منتخب امیدوار کو یونیورسٹی کے کسی بھی کیمپس (سٹی یا جناح کیمپس، کالا شاہ کاکو) میں تعینات کیا جاسکتا ہے۔

8- نامکمل یا مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں نا قابلِ قبول ہوں گی۔

9- یونیورسٹی کو بغیر وجہ بتائے آسامیوں میں اضافہ، کمی یا منسوخی کا حق حاصل ہوگا۔

10- امیدواروں کی شارٹ لسٹنگ کے لیے تحریری امتحان یا اسکریننگ ٹیسٹ لیا جاسکتا ہے۔

11- سرکاری اداروں میں ملازم امیدوار بمعہ این او سی درخواست جمع کروائیں گے۔

12- کسی قسم کا ٹی اے/ ڈی اے نہیں دیا جائے گا۔

**درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 19 فروری، 2026ء ہے۔**


رجسٹرار

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز

خیابانِ جامعہ پنجاب لاہور - 54600

فون نمبر:042-99231305-09

/uhs.lhrofficial /uhs.lhrofficial /uhslhrofficial /uhslhrofficial www.uhs.edu.pk